Pakistan Tehreek-e-Insaf
Central Media Department

# پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی کے اجلاس کا اعلامیہ

13 اکتوبر 2023

- پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی کی ملک میں سیاسی کارکنان اور قائدین کی جبری گمشدگیوں اور بزورِ طاقت سیاسی وابستگیوں میں تبدیلی کے سلسلے کی شدید مذمت
- فرخ حبیب، حسان نیازی، حیدر مجید، اویس یونس، عبدالکریم خان اور شیخ رشید سمیت جبری طور پر لاپتہ کئے گئے تمام سیاسی کارکنان کی فوری بازیابی و رہائی کا مطالبہ
- سینیٹر عون عباس بپیّ، عثمان ڈار، صداقت علی عباسی کے بعد جبری طور پر لاپتہ قائدین/کارکنان کو طاقت کے زور پر سیاسی وابستگیاں تبدیل کرنے، سیاست سے لاتعلقی کے اعلان پر مجبور کئے جانے کے قوّی امکانات ہیں۔
- ریاستی قوّت کے شرمناک استعمال کے ذریعے سیاست کو اپنی مرضی کے مطابق ڈھالنے کی کوششیں جمہوریت پر حملہ اور یکسر ناقابلِ قبول ہیں۔
- کور کمیٹی کا شہریوں کے خلاف فوجی عدالتوں میں سپریم کورٹ کے حکم اور اٹارنی جنرل کی عدالتِ عظمیٰ میں یقین دہانی کے باجود مقدمات کی سماعتوں کے آغاز پر گہری تشویش کا اظہار
- سویلین آبادی خصوصاً نوجوان شہریوں (جووینائل) کے خلاف مقدمات آئین، قانون اور عالمی معاہدات کی صریح خلاف ورزی ہے۔

Plot # 1-A, Street # 32, Sector G-8/4, Islamabad, Pakistan
Tel: +92 51 2610046, +92 51 26102047, Website: www.insaf.pk

- کور کمیٹی کی جانب سے چیئرمین عمران خان کے خلاف انتقام پر مبنی جعلی مقدمات اور نہایت متنازعہ عدالتی کارروائیوں کی بھی شدید مذمت
- چیئرمین عمران خان ہر لحاظ سے ایک ضمیر کے قیدی ہیں۔
- نہایت متنازعہ کارروائی کے ذریعے ایک کے بعد دوسری عدالت سے چیئرمین عمران خان کو سزا دلوانے کا شرمناک عمل عدل و انصاف پر سنگین حملہ ہے۔
- عدالتی کاروائیوں کو غیر فطری انداز میں کبھی سست روی کا شکار کرکے اور کبھی تیز تر کرکے انصاف کا قتل کیا جارہاہے۔
- آئین و قانون اور تقاضہ ہائے عدل کے مطابق انصاف چیئرمین عمران خان کا بنیادی حق اور عدلیہ کا فرض ہے۔
- کور کمیٹی کے اجلاس میں پاکستان کی تیزی سے بگڑتی معاشی صورتحال، عالمی مالیاتی اداروں کے شکنجے میں جکڑی معیشت اور عالمی تنہائی کے ملکی مستقبل پر اثرات کا بھی خصوصی جائزہ
- پاکستان عملاً آئی ایم ایف کے شکنجے میں ہے جبکہ پچھلے ایک سال میں بدترین مہنگائی کے بوجھ تلے مزید دس ملین (1 کروڑ) پاکستانی خطِ غربت سے نیچے دھکیلے جاچکے ہیں۔
- پیچیدہ ترین حالات میں گھری معیشت کو سنبھالنے کے حوالے سے نگران حکومت کی صلاحیت اور عالمی سطح پر ناقابلِ تصوّر تنہائی ملکی مستقبل کیلئے غیر معمولی خطرات کی موجب بن رہی ہے۔

- انتخابات کے انعقاد میں تاخیر اور غیر منتخب گروہ کے ذریعے معاملات چلانے پر اصرار بحرانوں میں سنگینی اور صورتحال میں غیر معمولی خرابی کا سبب بنے گا۔
- اجلاس میں ملک میں دستور کی عملاً معطّلی اور کسی آئینی و قانونی ضابطے کے بغیر کاروبارِ حکومت چلانے کے سلسلے کی بھی شدید مذمت
- لاقانونیّت اور شخصی و ادارہ جاتی خواہشات کو ریاست کی فیصلہ سازی کی بنیاد بنانا ملک و قوم کو سنگین خطرات سے دوچار کرنے کے مترادف ہے۔
- عدالتِ عظمیٰ آئین کے تحفّظ کا بنیادی فریضہ نبھائے اور دستور کو مکمل طور پر بحال کرتے ہوئے پورے ریاستی نظم کو آئین کا پابند بنائے۔
- کور کمیٹی کا مظلوم اہلِ فلسطین سے اظہارِ یکجہتی اور اسرائیل کے جنگی جرائم کی مذمت کیلئے پرامن طور پر ملک بھر میں نکلنے والے کارکنان کو خراجِ تحسین
- شہریوں کو پرامن احتجاج کی اجازت نہ دینے اور اہلِ فلسطین سے اظہارِ یکجہتی کیلئے نکلنے والے کارکنوں کی گرفتاریوں کی شدید مذمت
- پولیس اور ریاستی مشینری کی جانب سے گرفتار پرامن مظاہرین کی فوری رہائی کا بھی مطالبہ

---پاکستان تحریک انصاف کور کمیٹی

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ